شانِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

مقام مصطفیٰ ﷺ ہے پوری دنیا سے اعلیٰ
ہوا جن کے آنے سے جگ میں اُجالا
ہوئے دُور جس کی آمد سے کفر و شرک کے اندھیرے
جہاں میں ڈالے تھے جنہوں نے صدیوں سے ڈیرے
بنی ہوئی تھی دنیا ظلمت کدہ
بتوں کی عبادت تھی ہر ایک جگہ
پیغام حق آکر محبوب ﷺ نے سنایا
جہالت سے نکالا حق کا راہی بنایا
مبارک فرمان لگایا جس نے اپنے سینے
حاصل ہوئے اس کو دارین کے خزینے
پسند جو کرتا ہے محبت خدا کی
دل و جاں سے کرے وہ اطاعت مصطفیٰ کی
اطاعتِ رسولؐ ہے خدا کی عبادت
مل جائے گی اسے دنیا آخرت کی سعادت
دُعا ہم کرتے ہیں اللہ سے جمیل
بنادے وہ ہم کو مصطفیٰ کا خلیل

محمد جمیل آزاد رابعہ عالی جامعہ سلفیہ